الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name :	**danish shahid**	Serial No :	**19327**
Address :	**2060,antwerpen, belgium**	Date :	**4/28/2013**
Subject :	**AQAID**	Contact No:	
Writer :	صبغت اللہ	Email :	

qibla ki simt k bary may bata dey q k jaha may rehta ho yaha pey masjid ki qibla simt kuch thik nahi he may ney masjid k imam sahab se bhi is ka bataya tou wo kehty heyn k koi masla nahi he masjid ka talluq pakistan k gujrawala se he or masjid harey imamy walo ki he

قبلہ کی سمت کے بارے میں بتا دے کیونکہ جہاں میں رہتا ہوں یہاں پر مسجد کی قبلہ کی سمت کچھ ٹھیک نہیں ہے، میں نے مسجد کے امام صاحب سے بھی اس کا بتایا تو وہ کہتے ہیں کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے، مسجد کا تعلق پاکستان کے گوجرانوالہ سے ہے اور مسجد ہرے عمامے والوں کی ہے۔

الجواب حامداً ومصلیاً

مسجد کا سمتِ قبلہ اگر جہتِ کعبہ کی طرف 45° درجے کے اندر اندر ہو تو اس میں نماز پڑھنا بلاشبہ جائز اور درست ہے اور اگر اس سے زیادہ منحرف ہے تو ایسی مسجد میں نماز کی ادائیگی جائز نہیں لہذا کسی ماہر عالم سے اس کا سمتِ قبلہ درست کرانا لازم ہوگا۔

فی الدر المختار: (إستقبال القبلة) حقيقتاً أو حكماً (إلى قوله) وكذا المدني لثبوت قبلتها بالوحي (إصابة عينها) (إلى قوله) فللمكي يعاين الكعبة (ولغيره) أي غير معاينها (إصابة جهتها) الخ (ج ١ ص ٤٢٨-٤٢٧)۔

وفي الهندية: إتفقوا على أن القبلة في حق من كان بمكة عين الكعبة (إلى قوله) ومن كان خارجاً عن مكة فقبلته جهة الكعبة وهو قول عامة المشائخ هو الصحيح هكذا في التبيين۔ (ج ١ ص ٦٣)۔

واللہ أعلم بالصواب

کتبہ: صبغت اللہ عفا اللہ عنہ

دار الإفتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی نمبر ١٦

٢٣/ ربیع الاول/ ١٤٣٥ھ

١٩٣٢٧

١٤٣٥/٣/٢٨ھ

30/1/16

الجواب صحیح

بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

٢٥/٣/١٤٣٥ھ

الجواب صحیح

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

٢٦/ ربیع الاول/ ١٤٣٥ھ

نائب رئیس

دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ